دیوانِ شوق افزا

عرف

دیوانِ صابر

اردو کا ایک غیر مطبوعہ اور نایاب دیوان

تحقیق و مقدمہ

ڈاکٹر نبی بخش خان بلوچ

اردو سائنس بورڈ ۔ لاہور

Collection of Prof. Muhammad Iqbal Mujaddidi
Preserved in Punjab University Library.

پروفیسر محمد اقبال مجددی کا مجموعہ
پنجاب یونیورسٹی لائبریری میں محفوظ شدہ

دیوانِ شوق افزا

عُرف

دیوانِ صابر

اُردو کا ایک غیر مطبوع اور نایاب دیوان

تحقیق و مقدمہ

ڈاکٹر نبی بخش خان بلوچ

اُردو سائنس بورڈ

۲۹۹- اپر مال - لاہور

پیش گفتار

دیوان شوق افزا، اردو کا ایک غیر مطبوع اور نایاب دیوان ہے، جس کا دستیاب ہونا اردو شاعری بلکہ اردو زبان کے ارتقاء اور ترویج کی تاریخ کے سلسلہ میں ایک انکشاف سے کم نہیں۔

۱۹۵۸ - ۱۹۶۰ء کے دوران میں سندھ کے قدیم شہر نصرپور (ضلع حیدرآباد سندھ) کے تاریخی آثار کے مطالعے میں مشغول تھا کہ وہاں کے اُجڑے ہوئے کتب خانوں کی باقیات صالحات میں سے کچھ اوراقِ پارینہ ملے[1] جن کو میں نے محفوظ کر لیا، مگر سندھ یونیورسٹی میں اپنے فرائض منصبی اور دوسرے علمی مشاغل کی وجہ سے اس ذخیرے کو مطالعہ کرنے کا موقع نہ مل سکا۔ ۱۹۶۲ء میں جب اس ذخیرے کی چھان بین کی تو اس میں 'دیوان شوق افزا' جیسا نایاب تحفہ نظر آیا، مگر یہ عقدہ حل نہ ہو سکا کہ اس دیوان کے شاعر المتخلص 'صابر' کون ہیں۔ چنانچہ میں نے اپنے فاضل رفیق و محقق ڈاکٹر غلام مصطفیٰ خان صدر شعبۂ اردو سندھ یونیورسٹی سے رجوع کیا، جنھوں نے اپنے وسیع مطالعے اور اس وقت حیدرآباد دکن سے شائع شدہ تازہ فہارس کی تفتیش کے بعد آخری طور پر اپنی رائے سے یوں مطلع فرمایا کہ "صابر غیر معروف لیکن باکمال شاعر ہے۔ یہ دیوان نایاب ہے اور شائع کرنے

---

[1] مرحوم قادر شاہ نصرپوری کی وساطت سے یہ اوراق وہاں کے رضوی سادات کے ایک اجڑے ہوئے کتب خانہ سے ملے۔

کے لائق ہے۔"

اس "غیر معروف مگر باکمال شاعر" کا سراغ لگانے کے لیے متعدد ماخذوں، تذکروں، مخطوطات کی فہرستوں کی ورق گردانی کی لیکن 'دیوان شوق افزا' یا 'دیوان صابر' کا نام کہیں نہیں ملا۔ البتہ 'صابر' نام یا تخلص والے بعض شعراء کا سراغ لگایا گیا۔ حافظ محمود خاں شیرانی مرحوم نے پنجاب میں اردو میں ایک 'صابر' اور ان کی والدہ خفیہ بیگم کا ذکر کیا ہے اور ان کو اندازاً بارھویں صدی کے آخری دور کا بتایا ہے، لیکن ان کے صحیح دور یا مقام سکونت کے متعلق کچھ نہیں کہا جا سکتا۔ البتہ ہمارے صاحبِ دیوان میر صابر یقینی طور پر میر صابر بن خفیہ بیگم نہیں ہیں، کیونکہ دونوں کے مقاصد، اسلوبِ بیان اور زبان میں فرق ہے۔ میر صابر بن خفیہ بیگم کی غزل جو حافظ محمود شیرانی نے نقل کی ہے وہ اس دیوان میں نہیں پائی جاتی۔ لفظ 'کسی' بمعنی 'نکلی' جو میر صابر اور خفیہ بیگم دونوں کی غزلوں میں تخسیس سے موجود ہے وہ ہمارے صاحب دیوان شاعر صابر کے اشعار میں کہیں نہیں ملتا۔ میر صابر بن خفیہ بیگم کی غزل میں وہ رنگینی اور شاعرانہ تخیل ناپید ہیں جو کہ صاحب دیوان شاعر صابر کی شاعری کی خصوصیات میں سے ہیں۔

۱۹۶۵ء میں تاریخی آثار کی تلاش و تحقیق کے سلسلے میں سندھ کے کلہوڑہ عباسی خاندان کے حکمران میاں نور محمد خدایار خان عباسی (وفات ۱۷۵۵ء) کے مقبرہ[1] پر جانے کا موقع ملا۔ جہاں پر اندرونی دروازے کے دائیں طرف اور متصل احاطہ کے بیرونی دروازے کے دائیں اور بائیں طرف فارسی میں تین کتبے نصب شدہ دیکھے۔ غور سے پڑھنے پر معلوم ہوا کہ ان میں سے دو تو ایک ہی کتبے کے دو ٹکڑے ہیں، اور مزید یہ کہ اس طویل قطعہ تاریخ کو نظم کرنے والا شاعر صابر ہے۔ اس وقت پہلی بار یہ خیال آیا کہ شاید 'دیوان شوق افزا' کا مصنف یہی صابر ہو۔ لہٰذا بیرونی تذکروں کے بجائے ان کو اندرونی سندھ کے ماخذوں میں

۱۔ یہ مقبرہ [illegible] سے [illegible] میل مشرق کو ضلع [illegible] شاہ میں واقع ہے۔

تلاش کیا جائے [۱]، کیونکہ 'دیوان شوق افزا' کا یہ قلمی نسخہ بھی سندھ کے شہر نصرپور ہی میں دستیاب ہوا تھا۔

یہ خیال آتے ہی مزید تحقیق کے لیے راہ روشن ہوگئی۔ چنانچہ میر علی شیر قانع کی تصنیف 'مقالات الشعراء' میں میر محمود صابر کا تذکرہ پایا [۲]، اور 'دیوان شوق افزا' کی داخلی شہادتوں اور خارجی مأخذوں کے تجزیے سے یہ متحقق ہوا کہ سید میر محمود ٹھٹوی المتخلص بہ 'صابر' ہی 'دیوان شوق افزا' کے مصنف ہیں۔

میر محمود صابر کے کلام سے متاثر ہو کر سندھ کے مقامی شعرا کے کلام کو جمع کرنے کا خیال آیا۔ چنانچہ ۱۹۶۶ء میں ایسے کلام کا کافی ذخیرہ جمع ہوگیا جس کو "سندھ میں اردو شاعری" کے عنوان سے کتابی صورت میں مرتب کیا گیا اور یہ کتاب ۱۹۶۷ء میں چھپی [۳]، میر محمود صابر کی مختصر سوانح اور 'دیوان شوق افزا' میں سے تقریباً بیس غزلوں کا انتخاب اس کتاب میں شامل ہے۔

---

[۱] اس جستجو کے دوران محترم نبی بخش قاضی، صدر شعبۂ فارسی سندھ یونیورسٹی نے ایک شاعر متخلص بہ 'صابر'، کے 'فارسی دیوان' کا ایک ناقص نسخہ دکھایا، لیکن اس کے مطالعے اور اس 'دیوانِ صابر' سے اس کے تقابلے سے متعین ہوا کہ اس 'فارسی دیوان' کا شاعر 'دیوان شوق افزا' کا مصنف صابر نہیں مگر اور کوئی صابر ہے۔

[۲] 'مقالات الشعرا' میں ایک اور شاعر محمد رضا صابر کا بھی ذکر ہے جو کہ فارسی کے شاعر تھے۔ وہ ہمارے صاحب دیوان شاعر سید میر محمود صابر کی تشہیر سے پہلے مغلیہ دور میں ٹھٹھہ کے نواب صادق علی خاں کے مختصر عہد (۱۱۴۹ — ۱۱۵۰ھ) میں کچھ عرصے کے لیے ٹھٹھہ میں نوکری کے ارادے سے رہے، لیکن پھر واپس چلے گئے۔

(مقالات الشعراء، مطبوعہ سندھی ادبی بورڈ، باب الصاد، ص ۳۰۰)

[۳] کتاب 'سندھ میں اردو شاعری'، تیسری بار مجلس ترقی ادب لاہور کی سعی و اہتمام سے ۱۹۷۸ء میں شائع ہوئی۔ اس اشاعت میں میر محمود صابر کا تذکرہ ۲۱ - ۳۸ صفحوں پر موجود ہے۔

مخطوطے کی کیفیت :

مخطوطے میں شروع کے چند اوراق ضائع ہو چکے ہیں مگر باقی نسخہ آخر تک مکمل ہے' اور ۱۹۳ ورقوں (تسوید ۱/۲ ۶ × ۳/۴ ۳ انچ) اور ۲۸۵ صفحوں پر مشتمل ہے۔ ہر ایک صفحے پر ۷ اسطریں مکتوب ہیں۔ نسخہ صاف خط میں لکھا ہوا ہے، اور متن میں جا بجا علامات املا لگا کر الفاظ کو صحیح طور پر ضبط کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔ بعض جگہوں پر اصلی کتابت میں اگر کہیں ایک آدھ لفظ رہ گیا ہے تو نظر ثانی پر اس کو اصلی خط میں سُرخ روشنائی سے لکھ دیا گیا ہے۔ اس مخطوطے میں جملہ چھ سو سولہ (۶۱۶) غزلیں، ایک منقبت، چودہ رباعیاں' دو مستزاد، ایک غزل مستزاد، تین مخمس، ایک مسدّس بعنوان 'واسوخت'، ایک طویل ترجیع بند، ایک طویل نظم بعنوان 'ساقی نامہ'، ایک نظم 'صنف دوہرہ'، (مثنوی) بعنوان 'جوگنی اداسی بن باسی'، ایک 'سی حرفی دوہرہ'، پندرہ دوہرے، پانچ مختصر نظمیں (بعنوان برہنی بے چینی، ہوری، من بھوگی اور درخیال اہل خیال) اور آخر میں ایک خاتمہ بعنوان 'دیگر در اتمام شوق افزا کتاب تاریخ انتخاب' شامل ہیں۔

شاعر کے لکھے ہوئے خاتمہ سے واضح ہوتا ہے کہ انھوں نے اس دیوان کا نام 'شوق افزا' رکھا۔

شکر للہ ہوئی کتاب تمام — 'شوق افزا' رکھا ہے جس کا نام

خاتمہ کے آخری اشعار سے ظاہر ہوتا ہے کہ دیوان کے انتخاب کی تکمیل ۱۱۸۱ھ میں ہوئی۔ یہ سال "زہے خجستہ کلام" کے اعداد سے برآمد ہوتا ہے جو گویا اس دیوان کا تاریخی نام ہے۔ بالکل آخر میں سُرخ روشنائی سے بھی لکھ دیا گیا ہے کہ :

دل نے کرشاہ کی مدد سوں خیال — مدعا پایا اپنا فی الحال
سال تاریخ صابر از الہام — گفت ہاتف "زہے خجستہ کلام"

ظاہر ہے کہ اس نسخے کی کتابت سال ۱۱۸۱ھ میں ہوئی جو کہ اس کا سال تصنیف

ہے۔ نسخہ جس خوبصورتی سے لکھا گیا ہے اس سے گمان ہوتا ہے کہ یا تو خود صابر کے ہاتھ کا لکھا ہوا ہے یا انھوں نے کسی کاتب سے لکھوایا ہے۔ آج کل کی ناقدانہ نگاہ سے دیکھا جائے تو گویا کاتب کم سواد ہی معلوم ہوتا ہے۔ اس نے 'زندگی' کو 'زندکی' اور 'زندگانی' کو 'زندکانی' لکھا ہے۔ اس طرح بستہ کی (بستگی)، شکستہ کی (شکستگی)، مہک (مکھ)، دھکہ (دکھ)، کچھ (کچھ)، پوچھ (پوچھ) وغیرہ وغیرہ۔ کہیں کہیں صورت خط کی اغلاط بھی نظر آتی ہیں (مثلاً 'عمرو عنتر' لکھے کے بجائے 'امر و عنتر'، اور 'تلاطم' کے بجائے 'طلاطم')۔ لیکن ان شاذ و نادر اغلاط کے علاوہ باقی الفاظ کی غیر مانوس صورتیں حقیقت میں اس دور کی اردو املا کی آئینہ دار ہیں جن پر مقدمے میں مزید بحث کی گئی ہے۔ اس نسخے کا خط اور املا۔ اردو خط اور املا کی تاریخ میں دستاویزی حیثیت رکھتے ہیں لہٰذا مرکزی اردو بورڈ کی طرف سے اصل نسخے کے عکس کی اشاعت کا اہتمام قابلِ تحسین ہے۔

میں جناب ڈاکٹر غلام مصطفیٰ خان صاحب کا ممنون ہوں کہ انھوں نے اصل نسخے کو بغور دیکھا، شاعر میر صابر کو باکمال قرار دیا اور دیوان کی اشاعت کے حق میں رائے دی۔ مکرمی جناب ڈاکٹر سید محمد عبداللہ صاحب نے میری استدعا پر مقدمے کو ناقدانہ نگاہ سے دیکھا اور اسی کو پسند فرما کر میری ہمت افزائی کی۔ میں ــــــ بورڈ کے ڈائریکٹر جناب اشفاق احمد صاحب کا شکرگزار ہوں کہ انھوں نے اس دیوان کے نایاب نسخے کی اصلی صورت کو محفوظ کرنے کے لیے اس کے عکس کو احسن طریقے پر چھپوانے کا انتظام کیا۔

اسلام آباد
۲۸ ربیع الثانی ۱۴۰۴ھ
۱ فروری ۱۹۸۴ء

نبی بخش بلوچ

باسمہٖ تعالیٰ

مُقدّمہ

اس دیوان "شوق افزا" کے باکمال شاعر سیّد میر محمود متخلص بہ صابرؔ ہیں جو دہلی میں تولد ہوئے اور غالباً نوجوانی تک وہیں رہے، مگران کی اسّی۔ نوّد سالہ زندگی کا باقی عرصہ ٹھٹھہ اور سندھ میں گزرا۔ ان کی سوانح کو مرتب کرنے کے لیے ہمارے یہاں تین مآخذ موجود ہیں۔ میر علی شیر قانعؔ ٹھٹھوی کا تذکرہ "مقالات الشعراء" صابرؔ کا یہ دیوان "شوق افزا" اور صابرؔ کے منظوم کردہ فارسی کتبات جو سندھ کی دو اہم تاریخی عمارات پر نصب ہیں۔ ان ماخذوں میں کلی طور پر جو تطابق پایا جاتا ہے، اس سے صاحبِ دیوان کے تخلص اور ان کی سوانح کے ادوار کے تعین میں ہماری رہنمائی ہوتی ہے۔

سوانحی ماخذوں میں تطابق

"مقالات الشعراء" میں میر علی شیر قانعؔ یوں رقمطراز ہیں:

" میر محمود نام، سید پاک عالی مرتبت۔ اصل میں استرآباد۔ ایران کے رضوی سادات کے معزز خاندان میں سے ہیں۔ ان کے والد ماجد جہاں آباد (دہلی) میں تشریف لائے اور صاحب موصوف (میر محمود) وہیں تولد ہوئے۔ ان کی قسمت اور دانے پانی کی کشش تھی کہ ائمہ پاک کی زیارت کی خاطر انھوں نے وطن کو چھوڑا،

زیارت سے مشرّف ہونے کے بعد شہر ٹھٹھہ میں سکونت اختیار کر لی اور وہیں صاحب اہل و اولاد ہوئے۔ اکثر حضرات شہدا کی مرثیہ خوانی میں مشغول ہیں۔ ہندی اور فارسی میں متعدد دیوان، مرثیہ، غزلیات اور مناقب لکھ چکے ہیں۔ روضۃ الشہدا کو بھی منظوم کیا ہے۔ سرعتِ فکر کی یہ حد ہے کہ اس وقت تک تقریباً ایک لاکھ اشعار ان کی زبان فصاحت بیان سے برآمد ہو چکے ہیں اور ان کا کلام کافی مقبول ہے۔ یہ تخلص (صابر) ان کو خواب کے ذریعے حاصل ہوا۔ بیشک ان کی ذات بابرکات برگزیدوں میں سے ہے" [۱]

میر علی شیر قانع کی ان تصریحات اور سوانح، زمانہ اور زبان کے اعتبار سے "دیوان صابر" کی داخلی شہادتوں میں مکمل طور پر تطابق پایا جاتا ہے۔

(الف) میر محمود صابر ایران کے رضوی سادات میں سے تھے اور ائمہ کی زیارات کے لیے ہی انھوں نے وطن چھوڑا تھا۔ اس دیوان میں بھی صابر خود کو 'آل رسول' کہتے ہیں:

صابر مدح خواں نہ بھول اپنی میا مہر سوں
آل رسول گرچہ ہے لیک تیرا غلام ہے

ان کے اشعار میں ائمہ سے عقیدت نمایاں طور پر نظر آتی ہے اور یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ وہ حضرت امام رضا کے روضہ کی زیارت کے لیے جانے والے تھے۔

(ب) میر محمود صابر نے دہلی کو نوجوانی ہی میں چھوڑ کر ٹھٹھہ میں دائمی سکونت اختیار کر لی تھی، اور یہ ہی پس منظر اس دیوان کے بعض اشعار سے نمایاں ہے۔ چنانچہ صابر خود کو غریب الدیار لکھتے ہیں اور وطن چھوڑنے کا ذکر کرتے ہیں۔ انھوں نے ٹھٹھہ میں ہی شادی کر لی تھی اور وہیں پر وہ صاحب اہل و اولاد ہو گئے تھے۔

---

[۱] مقالات الشعرا، مطبوعہ سندھی ادبی بورڈ، حیدرآباد سندھ، ۱۹۵۷ء، باب الصاد، تخلص صابر، شمارہ (۳۸۰)، ص ص ۳۵۴ - ۳۵۵

(ج) قانع نے میر محمود صابر کو ہندی (اردو) اور فارسی کا پُرگو شاعر بتایا ہے۔ اردو کا یہ دیوان ان کی باقیات صالحات میں سے ہے۔ ان کے فارسی اشعار میں سے میر علی شیر قانع نے ایک فی البدیہہ شعر اور ایک رباعی نقل کی ہے۔ صابر کا فارسی کلام یا دیوان دستیاب نہیں ہو سکا لیکن والئ سندھ خدایار خان نور محمد کلہوڑہ (عباسی) کے مقبرے اور مخدوم عثمان قلندر شہباز کی درگاہ کے بیرونی دروازے پر جو کتبے پائے جاتے ہیں، وہ صابر ہی کے منظوم کردہ ہیں جن سے مزید تصدیق ہوتی ہے کہ ان کو فارسی شاعری میں کلی طور پر دسترس حاصل تھی۔

(د) میر علی شیر قانع مزید لکھتے ہیں کہ صابر اکثر حضرات شہدار کی مرثیہ خوانی میں مشغول ہیں۔ اپنے اس دیوان میں بھی صابر اس کی تصدیق کرتے ہیں کہ:

شہاں کی مدح خوانی میں کہ ہوں مشہور عالم میں
کئی صابر، کئی شاعر، کئی مرثیہ خواں کہتے

(ہ) قانع نے میر محمود صابر کا ذکر معاصرانہ انداز میں کیا ہے، کہ وہ رضوی سادات کے خاندان میں سے ہیں، مرثیہ خوانی میں مشغول ہیں، متعدد دیوان، مناقب وغیرہ لکھ چکے ہیں' قریباً ایک لاکھ اشعار ان کی زبان سے برآمد ہو چکے ہیں، اور ان کا کلام کافی مقبول ہے۔ بیشک اس کی ذات بابرکات برگزیدوں میں سے ہے۔ میر علی شیر قانع کا یہ بیان ۱۱۶۹ - ۱۱۷۴ھ کا ہے جب کہ انھوں نے تذکرہ "مقالات الشعرار" کو تالیف کیا۔ میر محمود صابر کے تاریخی آثار بالکل اسی زمانے کے ہیں۔ خدایار خاں کے مقبرے پر ان کا کتبہ ۱۱۶۷ھ کا ہے، درگاہ قلندر شہباز کے دروازے کا کتبہ ۱۱۷۳ھ کا ہے، اور اس "دیوان شوق افزا" کی تکمیل انھوں نے ۱۱۸۱ھ میں کی۔

(ر) قانع کے بیان سے مترشح ہوتا ہے کہ میر محمود صابر نوجوانی تک دہلی میں رہے لیکن اس کے بعد ٹھٹھہ میں آکر بس گئے اور ان کی زندگی کا لگ بھگ ساٹھ سال کا بڑا عرصہ سندھ میں گزرا۔ اس دیوان سے ظاہر ہے کہ دہلی کے ہونے کی وجہ سے صابر کی "ریختہ" میں کھڑی

بولی اور برج کا انداز پایا جاتا ہے اور سندھ میں ساٹھ سالہ زندگی بسر کرنے کی وجہ سے ان کی زبان میں سندھی اور سرائیکی کے الفاظ اور محاوروں کی آمیزش پائی جاتی ہے۔

حالاتِ زندگی :

اس تعین کے بعد کہ 'دیوان شوق افزا' کے مصنف سید میر محمود صابر ٹھٹھوی ہیں، ہم جملہ خارجی اور داخلی شہادتوں کی روشنی میں، ان کی سوانح کو قدرے تفصیل سے مرتب کر سکتے ہیں۔

ولادت :

میر محمود کے والد ایران میں استرآباد کے رضوی سادات کے خاندان سے تعلق رکھتے تھے۔ وہ اندازاً اورنگ زیب عالمگیر کے عہد (۱۰۶۸ - ۱۱۱۸ھ) یعنی گیارھویں صدی کے آخر اور اپنی جوانی کے دور میں ہندوستان آئے، اور یہیں پر شادی کر کے دہلی میں دائمی سکونت اختیار کر لی۔ ان کے فرزند میر محمود دہلی میں تولد ہوئے۔ غالباً دہلی کی روزمرہ کی زبان ان کی مادری زبان بنی۔

میر محمود کی ولادت اندازاً ۱۱۱۰ھ کے لگ بھگ ہوئی کیونکہ ۱۱۸۱ھ میں وہ بوڑھے پیر مرد تھے۔ اس وقت ان کی عمر کم از کم ۷۰ سال تصور کی جا سکتی ہے۔ میر علی شیر قانع (ولادت ۱۱۴۰ھ) میر محمود کا نام ایک معمر بزرگ کے طور پر عزت و احترام سے لیتے ہیں، اس سے بھی ان کی تاریخ ولادت سے متعلق یہی گمان کیا جا سکتا ہے۔

بچپن تا دورِ بلوغت :

میر محمود کا بچپن اور دورِ بلوغت دہلی میں گزرے۔ والد نے ان کو اچھی تعلیم دلوائی۔ اس

دیوان سے ان کی علمی لیاقت کا یہ اندازہ بخوبی ہوتا ہے کہ انھوں نے فارسی میں ایک منتہی سی تعلیم پائی تھی اور ویسے بھی فارسی ان کی آبائی زبان تھی۔ عربی سے بھی آشنا تھے اور اپنے ذاتی ذوق سے نجوم اور جفر کا بھی اچھا خاصا مطالعہ کیا تھا۔ چنانچہ ان علوم کی اصطلاحات کو انھوں نے اپنے اشعار میں خوبی سے نبھایا ہے ؎

علمِ جفر سُوں مشکل مخمّس کی طرح کر
دل پر لکھا ہوں نقش علیؑ العظیم کا

آئینہ میں مت دیکھ لٹاں چھوڑ کے مکھ پر
تا برج میں عقرب کے نہ دور آوے قمر کا

دورِ جوانی اور شادی :

اپنے خاندان کے ایرانی پس منظر سے اثنا عشری عقائد اور ائمہ کی محبت ان کو ورثے میں ملی۔ تعلیم کی تکمیل کے بعد نوجوانی میں دینی جذبے کے ماتحت میر محمود نے جہان آباد کو خیرباد کہہ کر ائمہ کی زیارت کا قصد کیا۔ وہاں سے واپسی پر سندھ کے شہر ٹھٹھہ میں آکر زلفِ پیچاں کے دام میں گرفتار ہوئے، شادی کر لی اور پھر محبت کے اس بسیرے میں بس کر وطن (دہلی) کو بھول کر ہمیشہ کے لیے یہیں کے ہو رہے ؎

کب چین ہووے دل کوں پریشانی سوں صابرؔ
اس زلف کے سودا میں بسارا ہے وطن کو

پھر زلف کی لٹ سوں دل ناشاد نہ آیا
کیا صید ہوا جا کے وطن یاد نہ آیا

دل نے تج زلف میں بسیرا کر
آج بھولا وطن خدا حافظ

یہ اندازاً ۱۱۳۰ھ ــ ۱۱۴۰ھ کا زمانہ تھا جب کہ ٹھٹھہ پر دہلی کے شاہان مغلیہ کی طرف سے بھیجے ہوئے صوبہ داروں کی حکمرانی ابھی باقی تھی۔ البتہ یہ مغلیہ سلطنت کے زوال کا دور تھا۔ سندھ میں کلہوڑہ (عباسی) خاندان کی قائم کردہ آزاد حکومت کی بنیادیں روز بروز مستحکم ہوتی جا رہی تھیں۔ شمالی سندھ پر ان کا تسلط ہو چکا تھا اور بالآخر ۱۱۵۱ھ (۱۷۴۱ء) میں دہلی کی طرف سے جنوبی سندھ یعنی 'سرکار ٹھٹھہ' اور متصل علاقے بھی اجارہ داری پر میاں نور محمد کلہوڑہ (عباسی) کی تحویل میں دے دیے گئے۔ نئی آزادی کی فضا میں ٹھٹھہ کا مردم خیز شہر اپنی علمی اور فنی روایات میں اور آگے بڑھا۔

جب قانع "مقالات الشعراء" تصنیف کر رہے تھے (۱۱۶۹ ـ ۱۱۷۴ھ)، میر محمود صابر صاحب اہل و عیال تھے اور ان کا شمار ٹھٹھہ کے معزز باشندوں میں تھا: "الحق ذات بابرکات ایشاں از متبرکات است۔" کئی سال پیشتر ٹھٹھہ میں سکونت اختیار کر چکے تھے۔ ۱۱۶۷ھ میں صابر ٹھٹھہ کے ایک مانے ہوئے شاعر اور بااثر شخصیت کے مالک تھے۔ اسی سال (۱۴ صفر ۱۱۶۷ھ) سندھ کے حکمران میاں نور محمد کلہوڑہ الملقب بہ خدایار خان فوت ہوئے اور ان کے جانشین فرزند میاں غلام شاہ (بانی شہر حیدرآباد) نے ان کا مقبرہ تعمیر کروایا اور قطعہ تاریخ صابر سے منظوم کروایا گیا۔

بنا ز مصرع تاریخ تازہ شد صابر
ہوا ز خلد دزیدہ بطوف مرقد آں
ز سال فوت چو تاریخ خواستم دل گفت
حبیب نور محمد ولی خلد مکاں

۱ ۱ ۶ ۷

معاصرانہ علمی و ادبی ماحول :

ٹھٹھہ کے علمی اور ادبی ماحول نے میر محمود صابر کے شاعرانہ ذوق کو اور اجاگر کر دیا۔ اس وقت شہر ٹھٹھہ میں شعر و ادب کا چرچا تھا۔ مخدوم محمد معین (متوفی ۱۱۶۱ھ) جیسے عالم و ادیب اور محسن (متوفی ۱۱۶۵ھ) جیسے کہنہ مشق شاعر موجود تھے۔ مخدوم محمد معین سلسلہ نقشبندیہ سے وابستہ تھے۔ صوفی مشرب رکھتے تھے اور ائمہ اطہار سے بھی ان کو عقیدت تھی۔ وہ فارسی کے علاوہ ہندی (اردو) کے بھی ممتاز شاعر تھے اور 'بیراگی' تخلص کیا کرتے تھے[۱]۔ اپنے ان معاصر بزرگوں سے صابر کی صحبتیں ہوئیں۔

مغلیہ دور میں ٹھٹھہ کو مرکزی حیثیت حاصل رہی اور مغل صوبہ داروں کے یہاں فارسی کے علاوہ ہندی۔ اردو شاعری کی روایت ٹھٹھہ میں جنم لے چکی تھی۔ صابر پر اپنے پیشروؤں کی اسی ڈیڑھ سو سالہ مقامی روایت کا جو اثر پڑا اس کا تجزیہ مزید تحقیق کا محتاج ہے۔ فارسی کے باکمال شاعر عبدالحکیم عطا ٹھٹھوی (وفات ۱۱۴۰ھ) نے غالباً سب سے پہلے ہندی۔ اردو اسلوب میں اشعار کہے[۲] جو تخلیقی انداز اور نکات آفرینی کی وجہ سے ٹھٹھہ میں زبان زد عام ہو چکے تھے۔ مثلاً

عطا اس بھوک سوں ہم لوک رہتا
بخوردن ساگ روٹی سوک رہتا

صابر کا یہ شعر عطا کے اسی شعر کی ہی صدائے بازگشت ہے ؎

---

[۱] ملاحظہ ہو مقالات الشعراء، باب التاء، زیر تخلص (تسلیم) نمبر ۱۱۶ ص ۱۲۱۔ ۱۲۷

[۲] عبدالحکیم عطا کی شاعری کی نشو و نما ۱۰۶۳ھ سے ہوئی جب کہ نواب مظفر خان ٹھٹھہ کے صوبہ دار مقرر ہوئے۔ عطا کی چند اردو نظمیں جو باقی بچ گئی ہیں ان کے فارسی دیوان (مطبوعہ سندھی ادبی بورڈ، ضمیمہ ص ۴۰۹۔ ۴۶۱) میں چھپ چکی ہیں۔

صابر مجھے قبول ہے کچکول فقر کا
الوان مزہ ہے جو کی چپاتی و ساگ میں

محسن ٹھٹھوی جو امامیہ مذہب رکھتے تھے، ان سے صابر کے قریبی تعلقات کا ہونا لازمی تھا
چنانچہ وہ محسن کے اشعار سے متاثر ہوئے۔ محسن کا شعر ہے ؎

ای شوخ چشم و زلفت در ملک دلستانی
شاہ جہان اوّل صاحب قران ثانی

صابر کہتے ہیں ؎

ز فوج خط کہ شاہِ حسن نے ملک دلاں گھیرے
کئی ثانی جہانگیر و کئی صاحب قراں کہتے

موسیقی سے شغف :

میر محمود دس پندرہ برس سے ٹھٹھہ کے باشندے بن چکے تھے۔ وہاں پر زندگی کے اس
بند ی دور میں وہ ٹھٹھہ کے علمی، ادبی، ثقافتی ماحول اور معاشرے سے متاثر ہوئے اور
وہاں کی زندگی سے انھوں نے پورا لطف اٹھایا۔ ٹھٹھہ ترخانی عہد سے موسیقی کی
محفلوں کا مرکز بن چکا تھا۔ آخری ترخان حکمران میرزا جانی بیگ اور ان کے فرزند میرزا غازی بیگ
کو موسیقی میں مہارت حاصل تھی اور راگنی توڑی سے خاص شغف تھا، جس کو انھوں نے
فنی طور پر کمال کی حد تک پہنچایا تھا[۱]۔ راگوں کی پہچان و طنبورہ نوازی میرزا غازی بیگ
[illegible] یہ روایات ٹھٹھہ میں ایک
بڑی مدت تک باقی رہیں چنانچہ بارہویں صدی کے [illegible]

[۱] میر علی شیر قانع: [illegible] ص ۱۰
[۲] میر علی شیر قانع: مقالات الشعراء [illegible] ص ۱۲۹

عالم کو بھی موسیقی کی محفلوں سے شغف رہا ۔ صابر جو ایک رنگین مزاج اور حساس شاعر تھا، موسیقی کے اس ماحول سے بہت کچھ متاثر ہوا۔ یہ دیوان حالانکہ انھوں نے بڑھاپے میں تصنیف کیا، تاہم صابر کو جو موسیقی اور رقص سے شغف تھا، اس پر اس دیوان کے اشعار شاہد ہیں۔ مثلاً ؎

دل ہے اداس بزم تماشا کی آس میں
مطرب کہاں کہ راگ سناوے بھباس میں

اوپر بیان ہو چکا ہے کہ عہد ترخانی سے راگنی ٹوڑی کی مقبولیت ٹھٹھہ میں عام ہو چکی تھی۔ بعد میں غالباً 'حسینی ٹوڑی' کو ٹھٹھہ کی محفلوں میں خاص مقبولیت حاصل ہوئی۔ چونکہ 'حسینی' کے نام میں از روئے تلمیح امام حسینؓ کے نام کی طرف بھی اشارہ ہوتا ہے، اس لیے صابر نے اپنے اشعار میں 'حسینی نوا' کو خاص طور پر سراہا ؎

اے مغنّی دلم رہے ہے اداس
در حسینی نوا سناؤ بھباس

مغنّی شعر میرے گر حسینی ساز میں بولے
کہ د مہ رقص میں آوے کہ میری شعر حالی ہے

اس دیوان میں انھوں نے قافیہ (الف) کی پانچ غزلوں کے اوپر راگوں کے نام لکھے ہیں تاکہ گانے والوں کے لیے دھن انتخاب کرنے میں آسانی ہو۔ جیسا کہ 'ملاری، سورت، ردیپ بھیرو، بھیرو کلیان اور کلیان راگنی' (دو غزلوں کا عنوان)۔ ان میں سے 'سورت' اصل میں 'سورٹھ' ہے جو خاص سندھ کے خطے کی راگنی ہے۔ ہندوستانی موسیقی میں وہ 'دیس کار' سے ملتی ہے

۱؎ میر علی شیر قانع : تحفۃ الکرام، فارسی متن، ۳/۱ : ۲۲۹ اور 'دراسات اللبیب' مطبوعہ سندھی ادبی بورڈ، ۱۹۵۷ء، آخر میں مقدمہ ص ۲۰، ۳۵، ۴۳، ۴۴

رقص کی تعریف میں ایک خاص مخمس لکھا ہے جو اس دیوان میں موجود ہے۔ کہتے ہیں:

باجے ہے ڈھول یارو ہیں عشق کے جھکورے
ہوتے ہیں نقش دل پر مردنگ کے ٹکورے
بجتی ہے خوش پکھاوج غم کیوں نہ سرکوں تورے
مہ طلعتاں کھڑی ہیں سب پہن سرخ جوڑے
ناچے ہے آج موہن لگتا ہے تال خوش ہے

ٹھٹھہ کے ماحول میں صابر نہ صرف مستند موسیقی سے بلکہ مقامی لوک گیتوں کی لَے اور نغموں سے بھی آشنا ہو گئے۔ راقم نے ٹھٹھہ میں 'شیدی' (حبشی النسل) برادری کے رقص آمیز نغمے اور ساحل کراچی پر کشتی بانوں کے گیت اور نغمے سُنے ہیں۔ ان نغموں میں سے بعض میں ردیفانہ فقرے کچھ ایسے ہی تھے جیسے کہ صابر نے اپنی ایک غزل میں بطور ردیف استعمال کیے ہیں۔ مطلع ہے:

آج دل شاد ہے یلہ لے یلہ لا
درس کی یاد ہے یلہ لے یلہ لا

اصل میں یہ الفاظ صدائے 'یا اللہ' ہے اللہ' کی مسخ شدہ شکل ہیں۔ یہ نغمہ کشتی بان اپنی کشتیوں کو بندر سے سمندر کی طرف لے جانے کے وقت بطور دُعا گاتے ہیں۔ اس طرح شہر ٹھٹھہ میں راقم نے جو نغمہ سنا تھا وہ وہاں پر ولی بزرگ جمال شاہ کے عرس کے موقع پر گایا گیا تھا۔

زندگی کا آخری دور

۱۱۶۹ ... م ۱۱۰۰ ھ کے دوران میر محمود صابر کی عمر ساٹھ برس کے لگ بھگ تھی۔ مزاج میں رنگینی باقی تھی، مگر اب زندگی کے اس آخری دور میں وہ سعادت اخروی کی طرف زیادہ مائل تھے۔ ایک بزرگ شاہ قطب الدین کے دست بیعت ہوئے جو غالباً حج بیت اللہ اور زیارتوں کے سلسلے میں صابر کی تحت ٹھٹھہ میں وارد ہوئے تھے۔ اس دیوان کے اشعار سے اس حقیقت

کی تصدیق ہوتی ہے۔

رکھے جو عشق کے دریا میں بے مرشد قدم صابر
بہت مشکل ہے گر پہنچے سلامت اس کنارے کوں

بینوا دل سوں ہوا جو شاہ قطبُ الدّین کا
فقر کی دولت میں ہے فغفور ملک چین کا

جب سوں مُرشد نے دکھائی راہ باقی صابرا
در نظر ویراں لگی ہے منزل فانی مجھے

ان کی مرشد سے ارادتمندی کی وجہ سے، اس دیوان میں جا بجا صوفیانہ رنگ کے اشعار پائے جاتے ہیں۔ صابر خود کہتے ہیں کہ انھوں نے مجاز کو ترک کر کے مسلک حقیقی اختیار کر لیا ہے، اور اب ان کا شعر "قال" کے بدلے "حال" کا آئینہ ہے۔

سبق پڑھ پڑھ حقیقت کے درس سوں صدق بازی کا
دھولایا ہوں ز لوح چشم و دل دفتر مجازی کا

صابرا ترے شعر حالی ہیں!
مست ہے جس کوں شوق جامی ہے

اسی زمانہ میں وہ پھر ایک مرتبہ حضرت امام رضا کی زیارت کے لیے مشہد کو گئے۔

عزم ہے مشہد کی رہ کا صابرا
رہنما شوقِ رضا درکار ہے

چلا ہوں شاہِ خراساں کی طرف کوں صابر
رضا کے شوق سوں لے توشہَ توکّل فرض

اس کے بعد اس دیوان کی تالیف (۱۱۸۱ھ) تک، صابر نے اکثر گوشہ نشین ہو کر زندگی بسر کی اور فقر و قناعت کو اپنا شعار بنایا ؎

پیا کے عشق میں بے گوشہ ہوں بیگانہ عالم سوں
مزہ پایا ہے تنہائی میں صابر آشنائی کا

خبر لینا ہی صابر کی کہ تیرا،
گدا ہے، بندہ ہے، گوشہ نشیں ہے

شہاں کا مدح خواں ہوں، گوشۂ عزلت میں صابر ہوں
کروں گر فخر بر جا ہے کہ فقرا کی حمایت ہے

صابرا شکر خدا کا کہ میسّر ہے مجھے
دولتِ فقر و خوشی گوشۂ ویرانی میں

ہوا مشہور جب سوں فقر کی دولت سوں میں صابر
دیا حق نے مجھے عزّ و وقار آہستہ آہستہ

گوشہ فقر میں جس دن سوں کیا گھر صابر
پرورش کی شہ زمن نے مرتب مجھے

اب میر محمود صابر کی عمر ستر سال کے لگ بھگ تھی کہ ۱۱۸۱ھ میں یہ "دیوان شوق افزا" مرتب کیا جو غالباً ان کی زندگی کا آخری کارنامہ ہے۔ غالباً ۱۱۸۱ھ ـ ۱۱۹۰ھ کے دہانے میں فوت ہوئے۔

صابر کا اردو شاعری میں مقام :

سید میر محمود اردو اور فارسی کے پُرگو شاعر تھے۔ ان کے اس "دیوان شوق افزا" کا دستیاب ہونا ایک اتفاقی امر ہے۔ ممکن ہے کہ سندھ کے باقی ماندہ ذاتی ذخائر کتب میں سے ان کا مزید کلام مل جائے [1]۔ بقول قانع، ہندی (اردو) اور فارسی میں وہ متعدد دواوین کے مصنف تھے، یعنی کہ ۱۱۶۹ ـ ۱۱۷۴ھ کے دوران صابر کے دوسرے دواوین بھی موجود تھے جو ہم تک نہیں پہنچے۔ یہ "دیوان شوق افزا" ان پہلے دواوین کے علاوہ ایک 'نیا دیوان' (نو دیوان) تھا جو انھوں نے بڑھاپے میں مرتب کیا۔ خاتمہ میں کہتے ہیں ؎

وقت پیری ہے دست گیری کر
راہ باقی دکھا کے پیری کر

---

[1] راقم کو موضع سن۔ سادڑی (تعلقہ مورو۔ ضلع نواب شاہ) کے قاضیوں کے کتب خانے میں سے چند اوراقِ پارینہ ملے جن میں سے دو پر مندرجہ ذیل اشعار اور ولی کی ایک غزل اندازاً دو سو برس پہلے کی لکھی ہوئی ملی۔ ان کے اسلوب اور معانی سے کچھ ایسا گمان ہوتا ہے کہ شاید یہ اشعار میر محمود صابر کے ہوں۔ گل جعفری (مذہب جعفری) کی تلمیح سے اس گمان کی تائید ہوتی ہے۔ اشعار یہ ہیں ؎

در گلستان مذاہب بلبلِ طبع مرا
خوش نمی آید گلِ دیگر بغیر از جعفری

کیا ہے یار نے آکر مقام آنکھوں میں   خدا کرے جو رہیں تو مدام آنکھوں میں
تیری نگاہ میں بسمل ہُوا ہوں اے ظالم   میرا توں کام کیا سبھ تمام آنکھوں میں

شوق تاریخ ہے از نو دیوان
کہ رہے دوستاں کے پاس نشاں

لہٰذا اس دیوان کو ہم صابر کے آخری دورِ زندگی ۱۱۷۴ھ سے ۱۱۸۱ھ تک، کی تصنیف شمار کر سکتے ہیں۔ اس طرح بارہویں صدی ہجری کے نصف آخر میں سید میر محمود صابر بحیثیت اردو شاعر کے شہر ٹھٹھہ میں ایک استاد کی حیثیت رکھتے تھے۔ میر علی شیر قانع نے لکھا ہے کہ پرسرام بھاٹیہ جو کہ فارسی میں 'مشتری' تخلص کیا کرتے تھے، ہندی (اردو) میں میر محمود کے شاگرد تھے اور اس زبان میں وہ 'بیربل' تخلص کیا کرتے تھے [۱]۔

ولی اور صابر:

میاں نور محمد خان کلہوڑہ کے دورِ حکمرانی (۱۱۵۱ - ۱۱۶۷ھ) میں میر محمود صابر ٹھٹھہ کے زمرۂ شعرا میں ایک اعلیٰ مقام حاصل کر چکے تھے۔ یہ دور ولی کی وفات (۱۱۱۹ھ) کے تقریباً تیس برس بعد شروع ہوتا ہے۔ چنانچہ ولی کی شاعری کے اختتام اور صابر کی شاعری کے عروج میں بھی تیس سال کا فرق ہے۔

بارہویں صدی کا ربع اوّل خاص طور پر ولی کا دور تھا اور اس دور میں ولی کی شاعری سے نزدیک و دور ہر خطہ متاثر ہوا۔ ولی سندھ کے ہمسایہ خطہ گجرات میں نغمہ زن رہے۔ لہٰذا ان کی نغموں کی گونج کا سندھ تک پہنچنا آسان تھا اور یہ ٹھٹھہ میں صابر تک بھی پہنچا ؎

سن ریختہ ولی کا دل خوش ہوا ہے صابر
حقا کہ فکر روشن ہے انوری کے مانند

صابر نے نہ صرف ولی کو کماحقہٗ داد دی بلکہ ولی کی زمین میں دل کھول کر طبع آزمائی کی۔ اس کی تصدیق اس دیوان کی کئی غزلوں سے ہوتی ہے۔ لیکن ولی کی سبقت اور

---

[۱] مقالات شعراء [illegible] ص [illegible]

شاعرانہ کمال کو مانتے ہوئے بھی صابر کو خود اپنے فن پر بجا طور پر ناز تھا۔ ان کی بعض غزلوں سے مترشح ہوتا ہے کہ انھوں نے ولی کا معارضہ کیا ہے اور خوب کیا ہے۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ سوائے ولی کے صابر کی نظروں میں ریختہ کا اور کوئی معاصر شاعر جچتا ہی نہیں تھا۔ اگر کوئی تھا تو ولی تھا اور پھر صابر ہی تھے اور ولی سے کچھ کم نہ تھے ؎

گر ریختہ ولی کا لبریز ہے شکر سوں
مضمون شعر صابرؔ قند و شکر تری ہے

صابر کو اپنے شاعرانہ فن کے کمال کا احساس برابر رہا اور آخر تک رہا، چنانچہ اس 'دیوان شوق افزا' کے خاتمہ میں کہتے ہیں

گرچہ مشہور ہے ولی کا سخن — طبع انور سوں روشن و احسن
شعر اس کے سوں شرمگیں ہے شکر — دل کوں بخشے ہے شیرنی کا اثر
'شوق افزا' کا ہے سخن لبریز — نشۂ عشق سوں خوشی آمیز
جس کوں ہے عشق ساقیِ کوثر — مست ہوتا ہے ریختہ پڑھ پڑھ

معلوم ہوتا ہے کہ صابر کے ریختوں کی شہرت سندھ سے ہند اور دکن جا پہنچی تھی۔ دہلی آگرہ (ہند) کی طرف سے بعضے کوئی شاعر سندھ اور ٹھٹھہ کو بھی آجاتا تھا جیسا کہ کبھی خود میر محمود صابر آئے تھے۔ چنانچہ ۱۱۵۰ھ میں شاعر محمد رضا صابر کچھ دنوں کے لیے ٹھٹھہ کو آئے تھے۔[1] اس کے بعد بھی غالباً کوئی نہ کوئی ہند سے آتا رہا۔ میر محمود صابر کو ان سے معلوم ہوا کہ ان (صابر) کی غزلیں دکن تک پہنچ گئی ہیں اور وہاں پر ذوق شوق سے پڑھی جاتی ہیں ؎

صابر سنا ہوں قافیہ سنجانِ ہند سوں
تج ریختہ کی دھوم پری ہے دکن میں جا

توجہ طلب نکتہ یہ ہے کہ ہند کے شعرا کو صابر محض 'قافیہ سنجان' تسلیم کرتے ہیں۔ البتہ ان

---

[1] ملاحظہ ہو 'پیش گفتار' حاشیہ ص ۳

کی یہ راتے ان شعراء کے متعلق تھی جن سے ان کی ملاقاتیں اور صحبتیں ہوئیں، ورنہ ہند میں سودؔا (وفات ۱۱۷۰ھ) جیسے قادر الکلام شاعر صابر کے معاصر تھے، مگر غالباً ان کا کلام صابر تک نہیں پہنچا تھا۔ بہرحال صابر کے اس دیوان سے ہم اس نتیجے پر پہنچتے ہیں کہ ان کی نظروں میں اس وقت ہند یا دکن میں ریختہ گوئی میں کوئی استاد شاعر تھا تو ولی ہی تھا۔

صابر نے اپنے فن کے متعلق بعض اشعار میں جو رائے قائم کی ہے اس کو محض تعلّی قرار دینا مناسب نہ ہوگا۔ اپنی رنگین بیانی اور مضمون آفرینی پر ان کو بجا طور پر ناز ہے۔ شعر کی صحیح پرکھ کے لیے وہ شاعرانہ شعور اور سخن شناسی کو لازمی سمجھتے ہیں ؎

مضمون میری غزل کا اگر سمجھیں صابرا
خوش ہو کہیں عجم عجب و ہم عرب عجب!

اہل عراق مست اگر ہوویں کیا عجب
گر یو غزل سناوے مغنّی عراق میں

اگر پسند پڑے تجھ کوں شعر صابر کا
ہزار فخر کرے بر کلیم و خاقانی

فخر کرتا ہوں ز مضمون و سخن در شاعری
شہ [illegible] دیں نے دی ہے منقبت خوانی مجھے

صابر کے کلام میں اصلاح کی جرات اگر ہو سکتی ہے تو اس شوخ و شنگ محبوب ہی کی ہو سکتی ہے جو عاشق کی نظروں میں بہرحال صاحب سخن ہے اور ساتھ ہی اپنے عاشق کی جیب رسا کو جلا دینے والا:

البتہ کہ اصلاح دیوے میری غزل کوں
چرچا ہووے گر شعر کا صاحب سخن آگے

غزل سن، ریختہ سن، شعر سن، ہنس ہنس کے صابر کا
کہ تیرے شوق سوں مشہور ہے رنگیں خیالی میں

صابر کو اپنے غزل کی رنگین بیانی اور مضمون آفرینی پر ناز ہے ؎

ریختہ نو بنو سُنا صابر
کہ پسند اہلِ راز کرتے ہیں

جسے مضمون رنگیں کا ہے دل میں شوق اے صابرؔ
وہ آبِ زر سوں لکھتا ہے میرا اشعار ہر جانب

تازگی خاطر کوں بخشے ہے غزل وہ صابرا
جس میں گلرویاں کے ناز و عشق کی تقریر ہے

غزل میری ہے راحت بخش صابرؔ
کہ خاطر خوش ز مضمون سخن ہے

شعر کے صحیح شعور، طبعی ذوق اور سخن دانی کی صلاحیت کو صابر شعر و سخن کی داد دینے کے لیے ضروری سمجھتے ہیں ؎

نہ بوجھے شاعری و شعر کا مضموں نہیں پایا
اس آگے دفتر و دیوان و خیر و شر برابر ہے

میرے مضمون رنگین سوں ہووے ہے خوش وہی صابر
سمجھ کے شاد ہوتا ہے جو شعرِ مختصر سُن کر

سمجھ کے عشق کے مضموں کو نو بنو صابر
میری غزل کا طلب گار ہے صغیر و کبیر

دل میں بسے، من میں رسے، سن سن ہنسے میری غزل
اہل سخن کے بزم میں جو از سخندانی بسے

سناؤں نو بنو مضمون رنگیں اہل معنی کوں
اگر مجلس میں دیکھوں شوق ہے شعر آزمائی کا

فارسی کے قادرالکلام شاعر:

میر محمود صابر فارسی کے بھی قادرالکلام شاعر تھے اور اس لیے میر علی شیر قانع اپنے فارسی شعراء کے تذکرہ "مقالات الشعراء" میں ان کا ذکر لائے ہیں۔ قانع نے لکھا ہے "صابر ہندی اور فارسی میں متعدد دواوین کے مصنف ہیں۔ باوجود اس کے، ان کا کوئی فارسی دیوان اب تک دستیاب نہیں ہوا۔ وہی منتخب اشعار جو قانع نے "مقالات الشعراء" میں دیے ہیں، دائرہ تحریر میں باقی رہ گئے ہیں۔

قانع کا بیان ہے کہ: "ٹھٹھہ کے لالہ آسارام کا بیان ہے کہ ایک دن میں راستے سے گزر رہا تھا۔ گرمی کا موسم تھا اور میر محمود اپنے گھر کی دیوار پر بیٹھے ہوئے تھے۔ انھوں نے فی البدیہہ یہ شعر پڑھا ؂

شد ہوا گرم بیا بر سرِ چشم بنشیں ،
جانِ من موسم خس خانہ مبارک باشد

یہ اشعار بھی میر محمود صابرؔ کے ہیں

دُرّی کہ از صدفِ چشم من بلب افتد
ز جوشِ آتشِ دل لعل بی بہا گردد
شود رمیدہ زبختِ سیاہِ من صابرؔ
اگر بہ بکیسم سایہ آشنا گردد

ظاہر ہے کہ صابر کو فارسی شعر پر کافی دسترس تھی ۔ ان اشعار کے علاوہ صابر کے دو منظوم قطعہ تاریخ موجود ہیں ، جن میں سے ایک حکمران سندھ میاں نور محمد خدایار خان کلہوڑ کے مقبرہ پر اور دوسرا حضرت قلندر شہباز کی درگاہ کے بیرونی دروازے پر بطور کتبہ کے لکھا ہوا ہے ۔ یہ دونوں کتبے اسی دیوان کے متن کے آخر میں بطور ضمیمہ شامل کر دیے گئے ہیں ۔

دیوان شوق افزا کی املا :

" دیوان شوق افزا " کا تاریخی نام " زہے خجستہ کلام " (۱۱۸۱ھ) ہے اور غالباً یہ نسخہ بھی ۱۱۸۱ھ کا ہی لکھا ہوا ہے ۔ لہٰذا قدامت کے اعتبار سے اس کی املا ایک خاص اہمیت رکھتی ہے ۔ ساتھ ہی میر محمود نے جو زبان اس دیوان میں استعمال کی ہے، وہ اردو کے تاریخی ارتقاء کی ایک اہم کڑی ہے ۔ املا کی بعض خصوصیات یہ ہیں :

بعض حروف کو مقامی سندھی خط کی طرح لکھا ہے ، جیسے کہ

ٻ (= بھ)	ڏ (= ڈھ)
ٽ (= ٹ)	ک (= کھ ، گھ)
ٺ (= ٹھ)	ی (= ی ، ے)

- "ڑ" کی بجائے ہر جگہ "ر" لکھا ہے (مگر یہ محض املاء کی خصوصیت نہیں، جیسا کہ آگے بیان ہوگا)
- مخلوط "ھ" کو ہر جگہ "ہہ" لکھا ہے، اور ہیلے لکھا ہے، جیسا کہ

پہر (پرھ = پڑھ)　　بوہجہ (بوجھ)　　بہجرا (بچھڑا)

دہکہ (دکھ)　　پوہچہ (پوچھ)　　مہکری (مکھری)

سہکہ (سکھ)　　چہرا (چرھا = چڑھا)　　مہکہ (مکھ)

- "ئو" یا "ئوں" کو ہمزہ کی بجائے الف سے "او" یا "اوں" لکھا ہے۔

لااوں (= لائوں)　　بتا اوگے (= بتائوگے)

پااوں (= پائوں)　　بسا اوگے (= بسائوگے)

جلااوں (= جلائوں)

- لفظ کے شروع میں "آ" کو ہر جگہ "اآ" لکھا ہے۔
- بعض الفاظ کے تلفظ کو دو حصوں میں الگ کرکے لکھا ہے:

زندہ گی (زندگی)　　بستہ گی (بستگی)　　زندہ گانی (زندگانی)

شکستہ گی (شکستگی)　　پپہیا (پپیہا)

- بعض الفاظ صحیح طور پر نہیں لکھے گئے:

طلاطم (تلاطم)　　امرو انتر (عمرو و عنتر)

ڑ کی بجائے "ر" کا استعمال:

جو الفاظ آج کل ڑ کے تلفظ سے بولے جاتے ہیں وہ اس نسخہ میں ر سے لکھے گئے ہیں مثلاً جر (جڑ)، لکری (لکڑی)، کہری (کھڑی)، پر (پڑ)، جھگر (جھگڑ)، [illegible]، کرک (کڑک)، دہرک (دھڑک)، بھرک (بھڑک)،

وغیرہم۔ یہ گمان ہو سکتا ہے کہ یہ بھی اِملا۔ کی ایک خصوصیت ہے کہ 'ڑ' کو 'ر' کی صورت میں لکھا گیا ہے۔ مگر کئی ایسے الفاظ قافیہ کے طور پر استعمال ہوئے ہیں کہ جن میں 'ڑ' کا تلفظ مسلم ہے۔ یہ بھی بعید از قیاس ہے کہ صابر کے زمانے میں ایسے سب الفاظ 'ر' کے تلفظ سے ہی بولے جاتے تھے، حالانکہ بعض الفاظ برج کے رنگ میں 'ر' سے مستعمل تھے۔ لہٰذا 'ڑ' کے بجائے 'ر' کا تلفظ غالباً صابر کی اپنی زبان کی خصوصیت ہے۔ ان کے والد ایران سے نووارد تھے اور ہندوستان میں 'ڑ' کے تلفظ کو اپنا نہ سکے اور یہ اثر صابر کی زبان پر بھی باقی رہا ۔

نہ مل ہر یک سوں اے گلر دے خوبی
کہ خس میں خار میں فتنہ کی جر ہے

عاشق اگر نہیں ہے شمشاد تیرے قد پر
کیوں ایک کے اوپر تج راہ میں کھری ہے

تا عمر ہے تج در کے بھکاری ہو رہیں گے
اغیار سوں ہر بات میں لر کو نہ سکے گا

بجلی کی تیری تیغ ابرو میں کرک ہے
جس ڈر سوں رقیباں کے دلاں بیچ دھرک ہے

جس کوں ہے عشق ساقی کوثر
مست ہوتا ہے ریختہ پر پھر

دیوان میں مستعمل صابر کی زبان :

اصطلاحوں اور محاوروں کی عبقریت کے علاوہ، دیوان شوق افزا میں شامل کلام میں صوتی خواہ لغوی اعتبار سے الفاظ کے نوع کی کئی مثالیں پائی جاتی ہیں۔ میر محمود صابر نے جو زبان استعمال کی ہے اس کی لسانی خصوصیات میں برج، پنجابی، سرائیکی، دکھنی، سندھی اور فارسی کے الفاظ اور محاوروں کی آمیزش پائی جاتی ہے۔

میر محمود اورنگ زیب عالمگیر کے عہد میں بارھویں صدی ہجری کے شروع میں پیدا ہوئے۔ غالباً ان کی والدہ دہلی کی تھیں۔ لہذا ان کی مادری زبان اس وقت کی دہلی کی عام مروج زبان تھی [illegible] میں برج کے عناصر موجود تھے۔ برج اور پنجابی میں باہمی لسانی رشتہ تھا لہذا بعض الفاظ دہلی اور پنجابی کی زبان میں یکساں طور پر بولے جاتے تھے۔ میر محمود نوجوانی میں ہی ہجرت کر کے سندھ میں آئے اور پھر عمر بھر کے لیے ٹھٹھہ کے ہی ہو کر رہ گئے۔ یہیں پر شادی کی اور صاحب اولاد ہوئے۔ لہذا ان کی مادری زبان پر سندھی کا عکس پڑنا لازمی تھا۔

سرائیکی زبان دوسرے خطوں کے علاوہ سندھ میں سندھی کے ساتھ ساتھ مقامی سندھی [illegible] بولی جاتی تھی جیسا کہ اب تک ہے۔ سرائیکی زبان کا اپنا دائرہ عمل بہت وسیع تھا اور شمالی سندھ سے لے کر ملتان تک یہی زبان بولی جاتی تھی بلکہ وہ اس وقت [illegible] موجودہ پاکستانی خطوں کی بول چال کی مشترکہ زبان [illegible] شمالی پنجاب سے جنوبی [illegible] انتظامی اعتبار سے بھی مرکزی حیثیت [illegible] سرائیکی [illegible] خصوصیات [illegible] جیسے کے

کی خانقاہ کی بنیاد ڈالی جہاں سے ان کے معتقدوں، مُریدوں کا دائرہ وسیع ہوا۔ چنانچہ گجرات اور دکھن کی مروجہ زبانوں میں ان بزرگوں کی سرائیکی زبان کے بعض الفاظ اور محاورے پیوند ہوئے۔ کوں، توں، انکھیاں، زلفاں، دلیاں (آخری "آں" والی جمع کی صورتیں) جیسے الفاظ گجرات اور دکھن کے مقامی مسلمانوں کی زبانوں میں داخل ہوئے۔ سندھی۔ سرائیکی میں ایسے الفاظ پہلے ہی رائج ہو چکے تھے۔

میر محمود صابر نے اپنی عمر کے پچاس ساٹھ سال ٹھٹھہ میں گزارے۔ لہٰذا سندھی کے ساتھ ساتھ ہمسایہ سرائیکی کے الفاظ اور محاورے ان کی زبانوں کا جزو لاینفک بن گئے۔ فارسی تو میر محمود صابر کی آبائی زبان تھی اور وہ خود بھی فارسی کے قادر الکلام شاعر تھے۔ چنانچہ دیوان شوق افزا میں جو زبان انھوں نے استعمال کی ہے اس میں ان کی اپنی طبع رسا کی رنگینی کے ساتھ ساتھ گلستان لسانی میں سے مختلف رنگوں کے پھول کھلے ہوئے نظر آتے ہیں۔

(الف) برج کا رنگ :

- دیکھنا کو دکھین یا دکھن، اور اسی طرح ملن، وغیرہ

نہ داغ بر جگر لالہ ہے یو تجھ دکھین
کھلی ہے چشم تماشا ز لالہ زار کل

- بعض جمع کے صیغوں کو ن کے لاحقے سے لائے ہیں مثلاً پھولوں کی جمع پھولن اور اسی طرح موتن، نین وغیرہ

پھولن کے دیکھ گل سین چندر مکھ کے ہار آج
مج چشم و دل کے آگے کھلی ہے بہار آج
لیا جن بھیس جوگن کا اسے سنگار کرنا کیا
جو گل میں آپکے کنٹھا موتن کا ہار کرنا کیا

نَین کا نور و دل کا چین و جاں کا حرز کر راکھوں
جو پاؤں من کی خواہش سوں للن اپنا سجن اپنا

- بعض ضمائر کی صورت جیسا کہ ہمن ، ہمنا (ہمیں) ، اپس (اپنی ، اپنا) ، مُج (میرے ، مجھے) ، تُج (تیرے ، تجھے) ـــ

آکے پوتھی کھول پنڈت دیکھ فال اشتیاق
کہ میسر ہوگا ہمنا کوں وصال اشتیاق

سجن کوں گر سناؤں دکھ اپس کی بیزبانی کا
وفا سوں ، مہر سوں ، لبوے طریقہ مہربانی کا

- افعال کے بعض صیغوں کی صورتیں جیسا کہ لاگا (لگا) ، راکھا (رکھا) ، چاکھا (چکھا) ، آونا (آنا) ، کھاونا (کھانا) ، ہوونا (ہونا) ، بھاونا (بھانا) وغیرہ ـــ

پا کھا ہے تیرے عشق میں بن ہم کا رس آج

آونا ہے ناز کے گھوڑے اوپر پرعد چڑھ

[illegible]

[illegible]
[illegible]

- [illegible]

دیکھا ہوں چشم شوق سوں مہرِ قمر منیں
تیرے گھونگھٹ کی جوت نہیں ہے چندر منیں

- برج کے انداز میں بعض ترکیبیں، جیسا کہ "آئے کے، جائے کے، پلائے کے"۔
- بعض خاص اسماء، جیسا کہ "میا (محبّت)" ؎

یاد وفا لے، نہ لے جور و جفا کا طریق
دل میں میا رکھ، نہ رکھ بغض کہ ہووے خلل

جب ہم کہتے ہیں کہ ایسے الفاظ برج کے رنگ یا برج کے انداز میں ہیں تو مراد یہ ہے کہ برج میں ان کا استعمال شاذ و نادر لغت کی طور پر نہیں ہوا بلکہ عام بول چال میں ان کا استعمال بکثرت ہوا ہے۔ اس کا یہ مطلب نہیں کہ یہ الفاظ 'برج' کے سوا اور کسی بولی میں استعمال ہی نہیں ہوئے۔ برج اور پنجابی کا رشتہ قریب تر ہے، اور بعض ایسے الفاظ جو برج میں آئے ہیں ان کو پنجابی (مشرقی) بھی کہہ سکتے ہیں۔ صابر کی دہلی والی زبان اور 'پنجابی' بہرحال ایک دوسرے سے قریب تر تھیں۔

صابر کے اس دیوان میں سرائیکی، دکھنی اور سندھی کے الفاظ و محاورے موجود ہیں۔ جب ہم یہ کہتے ہیں تو معیار 'کثرتِ استعمال' ہے۔ نسبتاً کم استعمال یا شاذ و نادر لغت کی طور پر کوئی لفظ ایک سے زیادہ زبانوں میں بھی استعمال ہو سکتا ہے۔ اسی طرح اس دیوان میں کئی ایسے الفاظ اور محاورے موجود ہیں جو برج، پنجابی، ہندی، دکھنی، سرائیکی اور سندھی کا مشترکہ سرمایہ ہیں مثلاً:

صابر کے کلام میں لفظ "بن" (بغیر، سوا، بجز کے معنوں میں) استعمال ہُوا ہے ؎

دکھ صابرِ غمگیں کا کبھی پوچھ خبر لے
بیتاب بہت ہے ترے درسن کے دُکھن بن

اب یہ لفظ 'بن' برج میں زیادہ آتا ہے: "پیو بن سیج کب سہاتے ہیں"[1]

[1] جناب ڈاکٹر غلام مصطفیٰ خان (سندھ یونیورسٹی) نے اس طرف توجہ دلائی۔

لیکن دکھنی، پنجابی اور ہندی میں بھی 'بن' آتا ہے، مگر سرائیکی اور سندھی میں 'بن' اور 'بنا' دونوں صورتوں میں اتنا کثرت سے استعمال ہوا ہے کہ اس کو سرائیکی یا سندھی کا لفظ بھی مانا جاسکتا ہے۔

(ب) سرائیکی الفاظ اور محاورے :

سرائیکی اپنے کلاسکی دور میں پنجابی اور سندھی کے مابین سلسلہ الوصل رہی ہے۔ بلکہ موجودہ پاکستانی حصوں کی درمیانی مشترکہ زبان —— اس کے علاوہ اس کا اثر گجرات کے مسلمانوں کی زبان پر پڑا اور وہاں سے دکھنی پر۔ ان کے دوسرے مقامی لہجوں (ملتانی، بہاولپوری، ڈیرہ والی، مغربی دریائی) کی طرح سندھی سرائیکی زبان سندھ میں رائج ہوئی، جس کا اثر صابر کی زبان پر پڑا۔ اس دیوان میں جو سرائیکی الفاظ اور محاورے پائے جاتے ہیں ان میں سے اکثر دوسرے مقامی لہجوں میں موجود ہیں اور بعض پنجابی اور دکھنی میں۔

● 'آں' کے لاحقہ سے جمع کی صورتیں : جیسے کہ انکھیاں، دوستاں، [illegible]یاں، عاشقاں، مستاں، گدایاں، ہجراں، بلبلاں، دلاں، زلفاں، جھٹاں، [illegible]اں، [illegible]اں، مراداں وغیرہم

دل کا ملک اپنا عاشقاں تسلیم کرتے ہیں

نگاہ دلربا حسن عالمگیر کے دیکھے

دوستاں مجھ دل دیوانہ کی تدبیر کرو

[illegible] حسن کی سوں [illegible] ہیں

[illegible] سے [illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

خماری یوں تیری انکھیاں کی مستی دیکھ اے ساقی
ز جام بیخودی بھر بھر شراب آرزو دینا

در خواب زلفاں کی گھٹا دل دیکھ کے ڈر ڈر اٹھا ...

آئینہ میں مت دیکھ لٹاں چھوڑ کے مکھ پر
تا برج میں عقرب کے نہ دور آوے قمر کا

تیرے حبیب کے در کا گدا ہوں، صابر ہوں
یحب از من کی مراداں ہزار یا اللہ

• **اسما، مصدر اور افعال**: مثلاً آونا (یعنی آونا)، جیونا (یعنی جیونا)، ڈیونا (یعنی ڈیونا) دینا (یعنی دینا)، ڈھلنا (یعنی ڈھلنا)، ڈھن، ڈھونڈ، ڈھول(۱) وغیرہ) ہرنا اور ہرنا (یعنی چلنا)، جیسے: سندھی (ہرنا، پھرنا، چلنا)، رلنا (آوارہ ہو کر پھرنا، رل کر آوارہ پھر کر، مارا مارا پھرنا)

مرا دل ہوا صد پارہ جو یا محبت سوں ڈھلتا ہے حیدر شاہ

اے غنچہ دہن پھٹ کبھی باغ میں کھل کر(۲)
تا بلبل و گل خوار ہو ویں کوچوں میں رل کر

• **بعض خاص الفاظ**: جیسے کدیے (کبھی)، کوئی، کونت، بھال (نظر ڈالنا)، بھالن (نظر اٹھا کے دیکھنا)، اندھاری (اندھیرا)

کیتے مونس، کیتے ہمدم، کیتے روح رواں لکھتے
کیتے ابر، کیتے شاعر، کیتے مرثیہ خواں کہتے

---

(۱) ڈھول، ڈولیا بھی اسی سے مشتق ہیں (۲) "پھٹ" سندھی اور سرائیکی کے انداز میں ہے یعنی چھوٹنا، یا پھٹنا (سندھی، سرائیکی پھٹن) سے امر کا صیغہ ہے۔

بانکے نین کے تبر سوں دل عاشقاں کے چاک تھے
ظالم نگہ کے بھال سوں ہر گھاؤ پھر آلا ہوا

اگر ماہرو لیوے مکھ پہ نقاب
نظر آکے میرے اندھاری لگے

- **حروفِ ربط** : مثلاً کوں (کو)، سیتی (ساتھ)، نال (ساتھ)، توں (سرائیکی اُتوں = اوپر؛ سندھی۔ توں = تو)، تئیں (سرتئیں = تک؛ سندھی تائیں)

مٹنا نہیں ماتھے سیتی ہرگز لکھا تقدیر کا

حل ہووتی ہیں ان کی مہمات و مشکلات
جو پوچھتے ہیں سرورِ دیں پروری کے تئیں

ہر قدم توں پھرے ہے میرا دل
تیرے قدموں کے نال ہے کہ پیرس

پیا کے نال کرنا زندگی لذت ہے اے صابر
وگرنہ جیونا بے دوست ہے جنجال عاشق کا

پالنا، پرورش کرنا مختلف زبانوں کا ایک مشترکہ لفظ ہے۔ مگر کسی سے امید رکھنا اور کسنا یا توس کی پرورش کرنا ... (ایں لوں پال) سرائیکی میں سماجی قدروں کا آئینہ ہے۔ جو شخص ... عرض خدمت اور پرورش کرے تو ان کو لکھپال کے خطاب سے یاد کیا جاتا ہے۔ صابر

کے مندرجہ ذیل اشعار سرائیکی کے مزاج کا مظہر ہیں ؎

دل شاد و خوش ہر حال کر ، اپنا فزوں اقبال کر
دامن لگوں کو پال کر ، کچھ خاکساری کی برس

صابر سکیں لگا ہے تیرے دامن سوں زشوق
یہ مثل مشہور ہے ' دامن لگوں کوں پال پال'

(ج) سندھی کے الفاظ و محاورے :

میر محمود صابر نے بلوغت اور نوجوانی کے بعد اپنی پوری زندگی ٹھٹھہ اور سندھ میں بسر کی۔ لہٰذا ان کی مادری زبان پر سندھی کا اثر پڑنا ایک فطری امر تھا۔ اس دیوان میں ایسے عام فہم الفاظ کا ایک ذخیرہ موجود ہے جو سندھی اور دوسری زبانوں کا مشترکہ سرمایہ ہے۔ البتہ بعض الفاظ ایسے بھی ہیں جو لغوی اعتبار سے اتنے عام فہم نہیں، حالانکہ سندھی میں استعمال ہوتے ہیں۔ ان میں سے سب کے سب یا بعض کا استعمال دکھنی، ہندی، پنجابی اور سرائیکی میں بھی ہوتا ہے مثلاً

- بھٹ ، یعنی بھاٹ ، مگر سندھی میں معنی ہیں ' عاجزی سے مانگنے والا ، مدح و تعریف کرکے مانگنے والا ، بے بس سوالی '
- اوٹ ، آڑ یا پردہ
- کامن ، سحر، نیرنگ (جو بیاہ کے وقت دُلہن والوں کی طرف سے دُلہے کو تسخیر و تابع کرنے کے لیے کیا جائے۔ اس عمل کے علاوہ سندھی اور پنجابی معاشرہ میں کامن (نظم) گاتے جاتے ہیں، البتہ دونوں کے مواد و مقاصد میں فرق ہے)
- وار سٹنا ، (پنجابی سُٹنا، سندھی وارے سَٹَڻ) لاکر دھرنا، قربانی کرنا۔

- اڑی : مشکل
- چھپر کھٹ : بڑی شاندار اونچی چارپائی، چھتری دار پلنگ
- برمانا (سندھی، بھرمائن) مائل کرنا، رجھانا، لبھانا
- دھر، اصل، ابتدا، شروع
- آرسی : آئینہ
- گھاؤ : زخم
- مٹھلونہ (سندھی، مٹھلوڑو) سلونہ سے قدرے کم نمکین

بعض ایسے الفاظ اور محاورے استعمال ہوئے ہیں جو کثرت استعمال، مخصوص تلفظ، عکاسی ماحول یا معانی میں مضمر نفسیاتی کیفیت کے اعتبار سے سندھی زبان کا جز بن چکے ہیں۔ حالانکہ دکھنی، ہندی، پنجابی وغیرہ زبانوں میں بھی استعمال ہوتے ہیں مثلاً

- آدھار (تکیہ، بھروسہ، سہارا)

ارے زاہد اگر مکتوب پڑھ کے دیکھے من موہن
تیرے دیدار کا کیوں کہ ہے آدھار عاشق کا

- انجھوں (سندھی، ہنجوں، آنسو کا مسلسل بہاؤ)

انجھوں سے بھال بھر موتی کھڑا ہے دل فدا کرنے
کہ آنکھوں بیچ لوسے ہے من موہن نیازی کا

- پجانا (مراد پوری کرنا)

مجھ دل کی آرزو ہے کہ دیکھ معبود سے روبرو
من سے دیکھ مراد میری کب پجاؤگے

- بڈھپن (بڑھاپا)

دل بڈھپن میں زلیخا وار دولت عشق کی
کر دکھاوے چاند سا مکھ یوسف ثانی مجھے

- روٹ (موٹی روٹی جو صدقہ کے طور پر بانٹی جائے)

آوے نے کی گر لے آوے میرے موہن کی خبر
تج کوں لے قاصد کھلاؤں گھی شکر سوں آج روٹ

- ٹوٹ (خسارہ، سودے میں نقصان)

نقد دل دے عشق کا سودا کیا ہوں صابرا
حق کی رحمت سوں نہ آوے گا میرے سودا میں ٹوٹ

- جھلکار (پرتو، 'جھلک' سے وسیع اور لطیف تر معنی)

آئینہ کیا شک ہے سیماب ہو بہہ جاوے
گر مکھ کی تجلا کا جھلکار دکھاوے توں

- پٹکا گلے میں ڈال کر منوانا، قصور معاف کروانا۔

بہت مشتاق واقف ہیں ہٹیلے شوخ کے ہٹ کے
کہ روٹھوں کو مناتے ہیں گلے میں ڈال کر پٹکے

من سوں خیال تیرا کل روٹھ کے چلا تھا
پگ بوج کے منایا گل بیچ ڈال پٹکا

- یار جانی (جان سے پیارا محبوب، جان سے پیارا دوست)

زندہ تیرے شوق سوں ہوں زندگانی کی قسم
عشق تیرا حرز جاں ہے یار جانی کی قسم

بعض الفاظ ایسے ہیں کہ جن کو خالص سندھی الفاظ کہا جا سکتا ہے۔ اور جن کا استعمال اگر دوسری زبانوں میں ہوتا بھی ہے ___ تو شاذ و نادر لغات کی طور پر ہو سکتا ہے۔ صابر نے جن سندھی الفاظ کو استعمال کیا ہے ان سے معلوم ہوتا ہے کہ سندھی لغات پر ان کو

کافی دسترس تھی۔ وہ سندھی زبان جانتے اور بولتے تھے، یہاں تک کہ سندھی زبان کے مزاج سے مانوس ہو چکے تھے۔ سندھی میں 'دل' مؤنث کے طور پر آتا ہے اور میر صابر بھی سندھی سے مانوس ہو کر بعض مقام پر 'دل' کو مؤنث کے صیغے میں لائے ہیں۔

- دل : صیغہ مؤنث میں، جیسا کہ سندھی میں ہے۔

دلِ مشتاق کھاوتی ہے لچک
ماہرو مو کمر جو کہتے ہیں

- چری : (دیوانی۔ سندھی میں معنی کا یہ انداز خاص الخاص ہے کہ "چری : اے چری!")

مج عشق کی لگی ہے جب سوں لگن یو صابر
دیتی ہیں طعنہ ہنس، ہنس سکھیاں مگر چری ہیں

- گھاری : خاص طور پر 'ٹھٹھہ' اور 'لاڑ' (جنوبی سندھ) کا لفظ ہے۔ جس کا تعلق دریائے سندھ کے ڈیلٹائی خطہ کے چھوٹے موٹے بہاؤں اور ساحلی خطہ میں سمندر کے پانی کے نالوں سے ہے۔ سیلابی چڑھاؤ اور دباؤ سے جب پانی بنہ کو توڑ کر نیا نالہ بنا کر بہنے لگے تو وہ 'گھارو' (مذ۔ بڑا) یا 'گھار' یا 'گھاری' (مث چھوٹی) کہلائے گا۔ یہاں پر معنی 'گھار کی طرح' بھی لی جا سکتی ہے۔

بغیر از رُخ دوست آب حیات
شب و روز چوں اشک گھاری لگے

- تر ۔ تڑ :

چو نورِ چشم رہ صت بر کے دل میں
کر یہ بھی مردم آبی کا تر ہے

دیوان کے پورے متن میں حرف 'ڑ' کہیں نہیں لکھا، ہر جگہ 'ر' ہی لکھا ہے۔ لہٰذا دوسری سطر میں 'تر' کو 'تڑ' بھی پڑھا جا سکتا ہے۔

'چشم' کی مناسبت سے 'مردم' کو لائے ہیں، یعنی 'مردم چشم'، لیکن 'مردم' کے معنی آدمی کے بھی ہیں اور 'مردم آبی' یعنی پانی میں رہنے والا آدمی۔ ٹھٹھہ کے اطراف والا جنوبی سندھ کا علاقہ جھیلوں کا علاقہ ہے جہاں پر ملاح لوگ اپنے اکثر اوقات کشتیوں میں بسر کرتے ہیں۔ کشتی نہ ہو تو گھاس کا 'تر' باندھا جاتا ہے جس پر ایک آدمی آسانی سے بیٹھ کر ایک لمبی لکڑی کے سہارے 'تر' کو ایک جگہ سے دوسری جگہ پر لے جاتا ہے۔ یہ گویا مردم آبی کا تر ہے۔

'تڑ' اصل میں سندھ کے جنوب مشرق والے ریگستانی خطہ 'تھر' کا لفظ ہے، یعنی ایسا کنواں جو بہت گہرا کھودا جاتا ہے اور جب پانی ملتا ہے تو اتنے انداز میں ملتا ہے کہ وہ کنواں پھر کبھی خشک نہیں ہوتا۔ عاشق کی چشم تر، بھی کبھی خشک نہیں ہوتی۔ یہ چشم تر گویا 'مردم چشم' کے لیے 'تڑ' ہے جو ہمیشہ پُرآب رہتا ہے۔

- رات کا بہانا: سندھی میں اسم مصدر 'دِہائڻ'، یعنی 'شب کا گزرتے گزرتے صبح ہونا۔ 'رات دِہاڻی آہے'، یعنی شب کا گزرتے گزرتے صبح ہونے والا ہے۔ مندرجہ ذیل شعر میں 'رات وہانی آہے' کو صابر نے اپنی زبان میں 'رات بہانی ہے' سے ادا کیا ہے۔

آج کی رات انتظاری ہے
سیج پر لوٹتے بہانی ہے

'انتظاری' بمعنی 'انتظار' بھی سندھی کا خاص محاورہ ہے۔

- کاری، کارا: 'کالی، کالا' کے معنوں میں استعمال ہوئے ہیں۔

عجب کیا ہے کہ دن کاری گھٹا میں آج چھپ جاوے
کہ شاہِ رودم پر زنگی چڑھا ہے چین و ماچیں کا

کل رات دل ڈر ڈر اٹھا سپنے میں کاکل دیکھ کے
ہر تار او گل میں لپیٹ ، یک اژدہا کارا ہوا

کیوں نہ کاری گھٹا میں مینہ برسے
موسم آیا انجھوں کے ساون کا

'کارا' لفظ اصل میں ترکی زبان کا ہے۔ سندھی میں بغیر استثنا 'ر' سے استعمال ہوتا ہے۔ بلکہ اس کے سوا اس معنی میں اور کوئی لفظ ہی نہیں جو سندھی بول چال میں آتا ہو۔ ہند کی دوسری زبانوں (پوربی، برج یا ہندی) میں شاذ و نادر لغت کی طور پر آیا ہے۔
فارسی تو صابر کی اپنی زبان تھی، اس لیے ان کے اشعار میں فارسی الفاظ بکثرت پائے جاتے ہیں۔ بعض اشعار میں ایسے الفاظ کا استعمال سہل ممتنع کا نمونہ بن گیا ہے۔ جیسے کہ مندرجہ ذیل شعر میں ہرانہ (کیوں نہ)

ہے یاد جو صابر نے کہا دانِ دَرس لے
فرمایا تبسم سوں، میاسوں، کہ چرانہ

نتیجہ کے طور پر ہم کہہ سکتے ہیں کہ صابر کا یہ دیوان شوق افزا، انوکھی لغات کا گنجینہ و خزینہ ہے۔ اور لسانی اعتبار سے اس کے تفصیلی مطالعے کی ضرورت ہے۔ ان اشعار میں سلاست، بلاغت، بدائع اور معانی کی بھی عمدہ مثالیں موجود ہیں۔ لہٰذا اردو میں فن شاعری کے اعتبار سے یہ دیوان ایک خاص حیثیت رکھتا ہے۔ اس میں بھی کوئی شک نہیں کہ یہ دیوان شوق افزا، سرزمین پاکستان میں اردو کے تاریخی ارتقا کا ایک اہم دستاویز ہے۔

ن۔ ب

دیوانِ شوق افزا

عُرف

دیوانِ صابر

اردو کا ایک غیر مطبوعہ اور نایاب دیوان

ارادت ہی مجھے پیر قدح نوشان کے خدمت مین — یعشق میکشان مستانہ کے در او پر کدائی دینا
ہم مہرستان سے کرم سون روز محشر کے — ز دست ساقی کوثر شراب ارغوان دینا
داغ عشق کلر ویان جوں شان کے مجہ لمین — بشوق لاالہ رو عشق مین نام و نشان دینا
دین کے شناسے سون بکنج فقر صابر ہون — قناعت زہد و تقوا سون بجان ناتوان دینا

الہی در قناعت مجہ کون کنج قیصری دینا — کلاہ فقر سون مجہ سر کون زیب افسری دینا
نگاہت کیمیا ہے مس میرا دل قلب میری کون — کرم سون مہر سون اکسیر رحمت سے زری دینا
صدف وار آرزوئے کو ہر یکتا ہی مجہ دل کون — سرشک چشم میری کون گہر سے ہمسری دینا
چو ذرہ شوق ہی خورشید تعبد انعام کے درشن کا — کشش کے ذوق سون پر جوہت جوہری دینا
پر اہی کلر خان کے عشق کا بحق کا میرا دل کون — محبت کے چمن سون آب ور نگ جعفری دینا
چندر مہکہ دیکہی کون عاشقان تمہارے ہین تجہ رنگ — کہو نکہت کے خبر یک نظارہ دل پروری دینا
بیان نے کر تجہ درشن کا ہمن مشتاق جن صابر — مغان کے شوق سون دردی ز جام کوثری دینا

اگر اس زلف مین ہے صبا آرام کہو دینا — خبر کر مجہ پریشانی کے بوجھی مو بمو دینا
میری صد چاک دل کا باندھکے گلدستہ ای مالی — چمن کے سیر کون کر آدی کلر و رو بدو دینا
طبیبا دل ہی میر اضعف و اشفتہ دوا کارن — بنفشہ زار سون سنبل کے لٹ کے مشکبو دینا
چندر مہکہ ہنسلے کر تو چھپی میرا دکہا ای سکہی تجہ سون — جو شمع شعلہ ور روشن بیان کر کے دو دینا

بیان لوں تیری قاصد کہ مر رو پر فدا ہو جو
دیا مکتوب کر کہو سندیسا مجہ زبانی کا

زبس لالہ رخاں کے عشق سوں ہے سینہ گلزار
کہلا ہے داغ انکہیاں میں بہار خوش فشانی کا

کفن کوں چاک کر نکلے زلیخا درس کے کارن
کہو نکہت میں چاند مہکہ دیکھی اگر یوسف کے تلنے کا

پلایا جب سوں ساقی نے مئے وحدت سوں پیمانہ
زبس کشف مجہ دل پر ہوا اسرار نہانی کا

مزار اپنے شہیداں کا دکہی کر کہول کے قاتل
کفن سوں بو رہے خنجر اور شہادت کے نشانی کا

قصیدے منصب سوں جن بہجے خورشید ہو ذرہ کوں [illegible]
کرشاہاں نے مجہ بخشا ہے پیشہ مدح خوانی کا

تجلا دیکھ در جلوہ کری زرین نقابے کا
جو ذرہ دل سوں ہوں مشتاق روئے آفتابے کا

وطن اس زلف کے لٹ میں کیا ہے جب سوں مجہ دل نے
مری کل پیچ جوں شانہ رسن ہے پیچ و تابے کا

[illegible] ماہ کے تجلا سوں خجلت شمع کلیسی ہی
کہ کیا حاجت چندرا کے چراغ و ماہتابے کا

مجہی نسیان کا مشہور ہوا ہے دل خرابے
کہ بدنامی سوں کیا ڈر ہے خرابی میں شرابے کا

نہ پوچھی تا در میخانہ دل کے شوق سوں زاہد
نپاوی ساقی مہ رو سوں ساغر کا پیالے کا

جنہا ہووے دن کرے موہن چندر مہکہ ہنسے کہلا
کہ کیفیت عجب دہرتا ہے [illegible] حبابے کا

جو نور دیدہ تک ایک تماشا دیکھ انکہیوں میں
کہے ہر چشمہ جاری مکان مرغابے کا

سنے مجہ چشم کے انجہو کی کر تعریف خجلت سوں
نہ نکلی تا قیامت از صدف گوہر خوش آبے کا

خدنگ کہ ای رقیب بے مروت اہ میری سوں
کہ ہر یک پرہ کے شب تا میں ناوک شہابے کا

جو آئینہ ہوا ہے محو دل بزم تماشا میں
بجن سکس کے اس یاقوت لب سوں لا جوابے کا

بیابن زندگی کرنا بہت دشوار ہے صابر — بچن میرا سبھی ہے نہ بوجھو ہی حساب کا

دکھی کر عشق میں احوال میری دل فگاری کی — لیوی آئینہ جوں سیماب شیوہ بیقراری کا

بسیرا جھوڑ کے مرغان ابی اکے بیٹی ہیں — مزہ ان کوں ہے ابی جب سوں میرا اشک کھاری کا

درمیان صفائے دیکھ کھو دی ابرو اپنے — ڈھلی جس وقت مجہ انکھیوں سیں گوہر شاہواری کا

تیری رہ بیچ جوں تصویر انکھیاں — ملن کے شوق سوں ہے ذوق ازبس انتظاری کا

لگن کوں دیکھ تجہ قد کے چمن میں سر بکف ہے — چلے تجہ سنگ کے بس ہو دل سرو جوئباری کا

اکا ہی کل تو دل بیچ داغ عشق جوں لالہ — کہ آخر کل کری کا گلرخاں کے یادگاری کا

زمہر لالہ مجہ دل کوں سند ہے عشق بازی میں — کہی جاگیر داغستان منصب ہے ہزاری کا

کوئے احوال جا کہو سر تجن کوں کہ اا دیکھے — کہ جو بن جاوتا الوت کہر دور مجہ بچاری کا

نیسے سج دیکھ کل موہن کے اا کت پر عاشق — کہ باندھا اج بہیتا سرخ و زرطرہ کناری کا

الچرن کے خاک ادبر من ہرن کے نین ملک — ہوا ہے شوق دل کے ارسے کوں خاکساری کا

رکھی کر ذوق من مہ من سنا اول نو بنو ہنا — برہ میں عشق کا اف نہ ہر شب اہ و زاری کا

سبق بیر سیر حقیقت دیں توں صد قماری کا — دھو ایا ہوں لوح چشم دل دفتر مجازی کا

خیال اس طاق ابرو کا نظر اکے سوں کر گذری — عجب کیا ہے کہ بہولے ہوش زاہد کا نمازی کا

دلاں کے عقد مشکل کر ز روا سم سوں — لقب اس لعل خنداں کوں مبارک سرفرازی کا

صبا اس زلف کے لٹ مین بسرا کر کری کہیو — سجن کون راز آشفتہ دلان کے کارسازی کا
انجہون کے تہال بہر موتی کہر ابھی دل فدا کرنے — کہ آ انکہیون مین لیوں ہدیہ من موہن نیازی کا
رکات لعل دل مانگی اگر یکبوسہ دل ہنس ہنس — کہ شاہ حسن کون لازم ہی شیوہ دل نوازی کا
کشندے شوق سون طی کرکے راہ بیخودی صابر — لیے آمہ رو کون انکہیون کے فن ہی عشقبازی کا

۴۷

لیوی جو شیوہ دل نوازی کا — نام وہ پاوی سرفرازی کا
اس کے محراب ابروان کے یاد — آفت ہوش ہے نمازی کا
حلقہ زلف چاند سے مکہہ پر — ہی نشان عمر کے درازی کا
پاوسے ہین مزہ مجازی مین — عشق ہی جن کون صدق بازی کا
شمع رخسار پر ہی پروانہ — شوق ہے جس کون جان گدازی کا
پیر یا ہے جہان کے خلقت سون — مدح خوان سرور حجازی کا
جس طرح حق رکہی رہی صابر — کہ طریقہ ہے بی نیازی کا

دیا خوبان نے مہ رو کون لقب مصحف جمالے کا — کہ اس تن پر مبارک ہی وو صاحب کمالے کا
فلک پر چہرہ مبارک دیکہتا ہر چند مہہ کو — مہ نو خانہ زاد [illegible] خاص ہی ابرو ہلالے کا
خرامش گل کری جس بزم مین راکہے قدم ہنس ہنس — کہ ہووی سرخ رو رنگ حنا سون پہول لالے کا
بجا ہی کر ہووی آئینہ رنگین حسن گلکون سین — کہ رنگ پان ہی پروردہ سجن کے لب کے لالے کا

ہوا ہے گرم آنجھو لالہ کی جیبھی میں یاد اشک — کہ دیکھے اشک کے جھڑ میں تماشا برشگالے کا

مراد اے مجھ بسوں رم کرتا ہے بلبل میں وحشت سوں — ہوا ہے جب سیتی مشتاق تجھ چشم غزالے کا

نکر سوں مت ہوس ساقی کے انکھیاں کا خدا حافظ — کہ ہر گردش میں دیتے ہیں شراب پرتگالے کا

دل بلبل چو غنچہ غوطہ کھا وے لجہ خون میں — جو سر پر پھول چن چن کے رکھے گلدستہ والے کا

جو پروانہ نپے اس شمع رو پر جیو کر وارے — مزہ مشتاق پاوے جل کے تو شک کا نہالے کا

تماشا دیکھنے خوباں کا کب چھوٹے ہی مجھ دل سوں — کہ اس کوں عشق کا چسکا پڑا ہے خوردسالے کا

ترانہ عشق کا سن مغنی سوں شہانی بین — مجھے دل سیں ہوا ہے شوق کہنا شعر حالے کا

درس کے دار کے خاطر پڑا ہوں در او پر صابر — کہ کہہ نکہت کہن اٹھا دیولی سجن مطلع والے کا

مجھے ہے خانہ زادی کا لقب شہ سوں مدامی کا — کہ حق نے میرے ماتھے پر لکھا ہے خط غلامی کا

